چیئرمین کی جائزہ رپورٹ

مجھے پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل لمیٹڈ کے شراکت داروں کے سامنے یہ جائزہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے جس میں ہمارے بورڈ آف ڈائریکٹرز (مجلس نظماء) کی مجموعی کارکردگی اور کمپنی کے مقاصد کے حصول میں بورڈ کے ذریعے ادا کئے گئے کردار کو نمایاں کیا گیا ہے۔

بورڈ (مجلس نظماء) نے کمپنیز ایکٹ 2017 اور فہرستی کمپنیز (ضابطہ برائے کاروباری نظم و نسق) ریگولیشنز، 2019 کی قابل اطلاق دفعات کے مطابق اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی جاری رکھی۔ بورڈ (مجلس نظماء) اور اس کی کمیٹیوں کی تشکیل، طریقہ کار اور فعالیت مروجہ ضابطی تقاضوں سے ہم آہنگ ہے۔

بورڈ (مجلس نظماء) کارپوریٹ ضابطے کے اعلیٰ ترین معیارات کو برقرار رکھنے کے لئے پرعزم ہے، شفافیت، جوابدہی اور شراکت داران کے لئے طویل مدتی قدر کی تخلیق کو یقینی بنانے میں اس کے اہم کردار کو تسلیم کرتا ہے۔ بورڈ دو آزاد، تین نان ایگزیکٹو، دو ایگزیکٹو اور ایک خاتون ڈائریکٹر سمیت سات ڈائریکٹرز پر مشتمل ہے۔ بورڈ کی تشکیل میں متنوع تجربہ، مختلف نقطہ نظر اور مہارتوں کے حامل افراد شامل ہیں جو کمپنی کی انتظامیہ کی موثر نگرانی، اسٹریٹجک سمت کے تعین اور رہنمائی میں بورڈ کو موثر کردار ادا کرنے کے قابل بناتی ہیں۔

دوران برس بورڈ (مجلس نظماء) اور اس کی کمیٹیوں کے باقاعدگی سے اجلاسات منعقد ہوتے رہے، کمپنی کے اہم امور پر تفصیلی غور و خوض کو یقینی بنایا گیا۔ بورڈ (مجلس نظماء) کمپنی کی کارکردگی، کاروبار میں ہونے والی اہم پیش رفت کا جائزہ لینے اور انتظامیہ کو اسٹریٹجک رہنمائی اور موثر نگرانی فراہم کرنے میں مسلسل فعال کردار ادا کرتا رہا۔ تعمیری غور و خوض اور مؤثر نگرانی کے ذریعے بورڈ نے درست اور دانشمندانہ فیصلوں میں معاونت فراہم کی جس سے ڈائریکٹرز (نظماء) اپنی امانت دارانہ قانونی ذمہ داریاں اور فرائض مؤثر انداز میں انجام دینے کے قابل رہے۔

گزشتہ سال کارگو کی مقدار میں کمی کے بعد مالی سال 2026 کمپنی کیلئے بحالی کا سال ثابت ہوا۔ اس سال کے دوران درآمد شدہ کوئلے کی طلب میں اضافے کی بدولت کارگو کے حجم میں بہتری دیکھی گئی۔ نتیجتاً کمپنی کی مالیاتی کارکردگی بھی بہتر ہوئی۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز (مجلس نظماء) نے اس دوران اسٹریٹجک نگرانی جاری رکھتے ہوئے انتظامیہ کو بروقت رہنمائی فراہم کی اور بالخصوص سرمائے کی مؤثر تقسیم، مالیاتی نظم و نسق اور کمپنی کی قرض میں کمی کی حکمتِ عملی پر توجہ مرکوز رکھی۔ اس حکمتِ عملی کے نتیجے میں سال کے دوران کمپنی کی مالیاتی منفعت کی پوزیشن میں نمایاں بہتری آئی جس میں غیر ملکی کرنسی میں لیے گئے قرضوں کی مکمل ادائیگی بھی شامل ہے۔

سال کے دوران بورڈ (مجلس نظماء) نے کمپنی کے طویل المدتی ترقی اور متنوع اہداف کے حصول کیلئے اسٹریٹجک سمت فراہم کی اور انتظامیہ کی فعال رہنمائی کی۔ اس حکمت عملی کے تحت 12 دسمبر، 2025 کو کمپنی نے پورٹ قاسم اتھارٹی کے ساتھ عمل درآمدی معاہدہ طے کیا جس کے تحت کمپنی کو تانبے اور سونے پر مشتمل معدنیات بشمول دیگر معدنیات، دھاتوں اور قدرتی زمینی معدنیات کو سنبھالنے ، ذخیرہ اندوزی اور برآمدات کے لیے غیر انحصاری بنیادوں پر اضافی مراعات، حقوق اور لائسنس دیئے گئے۔ اس قدم نے کمپنی کو ایک ایسا قانونی و معاہداتی فریم ورک فراہم کیا جس کی بدولت وہ اپنے کوئلے، کلنکر اور سیمنٹ کے موجودہ کارگو سے ہٹ کر نئے تجارتی مواقع حاصل کر سکے۔

کمپنی نے ریکوڈک پراجیکٹ سے تانبے اور سونے کے کنسنٹریٹس کی ہینڈلنگ اور برآمد کیلئے ریکوڈک مائننگ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ (آر ڈی ایم سی) کے ساتھ معاہدہ کیا۔ معاہدہ کے تحت آر ڈی ایم سی، کمپنی کے ٹرمینل پر مخصوص سٹوریج اور ہینڈلنگ انفراسٹرکچر کی تعمیر میں سرمایہ کاری کرے گی جس سے کمپنی کی معدنیات کی برآمدات کے شعبے میں تنوع کو تقویت ملے گی اور پی آئی بی ٹی کو پاکستان سے تانبے اور سونے کے کنسنٹریٹس کی برآمد میں سہولت فراہم کرنے کے لیے اہم مقام حاصل ہوگا۔ بورڈ (مجلس نظماء) ریکوڈک منصوبے سے متعلق پیش رفت کا بھی مسلسل جائزہ لے رہا ہے۔

بورڈ (مجلس نظماء) موثر کارروائیوں، قابل اعتماد مالیاتی رپورٹنگ اور قوانین اور ضوابط کی مکمل تعمیل کو یقینی بنانے کے لئے ایک مضبوط داخلی انضباطی نظام موثر رکھنے کے لئے پرعزم ہیں۔ بورڈ (مجلس نظماء) آڈٹ کمیٹی کی مناسب مشاورت کے ساتھ داخلی کنٹرول کے نظام کی مناسبت اور تاثیر کا ایک جامع سالانہ جائزہ لیتا ہے۔ اس جائزے میں کلیدی کنٹرولز کے ڈیزائن اور آپریشنل کارکردگی کا جائزہ لینا، بہتری کے لئے ممکنہ شعبوں کی نشاندہی کرنا اور جہاں ضروری ہو اصلاحی اقدامات کے بروقت نفاذ کو یقینی بنانا شامل ہے۔ جائزے کے بعد بورڈ کو (مجلس نظماء) اندرونی کنٹرول کے نظام کی مناسبیت اور موثریت پر اطمینان ہے اور وہ اسٹیک ہولڈرز کے مفادات کے تحفظ کے لیے اس نظام میں مسلسل بہتری لانے کے عزم پر قائم ہے۔

مجموعی طور پر بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کی کارکردگی کا سالانہ جائزہ فہرستی کمپنیز (ضابطہ برائے کاروباری نظم ونسق) ریگولیشنز، 2019 کے تقاضوں کے مطابق لیا گیا ہے اور اس مقصد کیلئے معیار بھی تشکیل دیا گیا۔ اس جائزے میں، دیگر امور کے علاوہ، بورڈ (مجلسِ نظماء) کی تشکیل، شرکت، غور و خوض کا معیار، حکمتِ عملی اور خطرات کی نگرانی، اس کی کمیٹیوں کے طریقہ کار اور کمپنی کے مقاصد کے حصول میں مجموعی کردار اور شراکت کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کی جانب سے ادا کئے گئے کردار کی مجموعی کارکردگی اور تاثیر کا جائزہ لیا گیا ہے جو کہ قابل اطمینان ہے۔

رسک مینجمنٹ کمیٹی نے مالی سال 2026 کے دوران کمپنی کے رسک مینجمنٹ فریم ورک کی نگرانی میں بورڈ کی معاونت جاری رکھی۔ کمیٹی نے کمپنی کی طرف سے ترقی کیلئے اٹھائے گئے اقدامات، آپریشنل سرگرمیوں، فریقِ ثانی سے وابستہ مالیاتی خطرات اور اسٹریٹجک منصوبوں سے اٹھنے والے کلیدی خطرات کا جائزہ اور نگرانی کی اور بہتر فیصلہ سازی میں معاونت کیلئے بورڈ کو متعلقہ نتائج فراہم کئے۔

مزید برآں، بورڈ (مجلس نظماء) نے پائیداری کے خطرات اور مواقع پر اپنی توجہ برقرار رکھی ہے اور اپنی نگرانی کی ذمہ داریوں کے تحت ماحولیاتی، سماجی اور ضابطی (ای ایس جی) سے متعلق امور کو بھی مسلسل مدنظر رکھا۔ بورڈ (مجلس نظماء) کو یقین ہے کہ ای ایس جی کے عوامل کو مناسب اہمیت دینا کمپنی کے طویل مدتی مقاصد کے حصول میں معاون ہے اور اس کے ضابطی اور فیصلہ سازی کے نظام کو مزید مضبوط بناتا ہے۔ ان اصولوں کو ہماری کارپوریٹ ثقافت اور فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرتے ہوئے بورڈ (مجلس نظماء) ماحولیاتی اور سماجی ذمہ داری کے اعلی معیارات کو برقرار رکھنے کے لئے ہمہ وقت پرعزم ہے۔ کمپنی کی سماجی وابستگیوں کے مطابق بورڈ (مجلس نظماء) نے کم مراعات یافتہ علاقائی برادریوں کے لئے اقدامات کو تیز کیا ہے جس میں معیاری تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، حفظان صحت اور خوراک تک رسائی کو بہتر بنانے پر توجہ دی گئی ہے۔ بورڈ (مجلس نظماء) نے جون 2024 میں ایس ای سی پی کی جانب سے متعارف کرائی گئی پائیداری سے متعلق ضابطی تقاضوں کے حوالے سے کمپنی کے طریقہ کار کا بھی مسلسل جائزہ لیا جس میں مستقبل میں ایک علیحدہ پائیداری کمیٹی کے قیام کے امکانات پر غور بھی شامل ہے۔

مالی سال 2026 کے دوران بورڈ (مجلس نظماء) کی کارکردگی، اس کی کمیٹیوں کی افعالیت اور سالانہ کارکردگی کے جائزہ کو مدنظر رکھتے ہوئے میں اطمینان کا اظہار کرتا ہوں کہ بورڈ (مجلس نظماء) نے سال کے دوران موثر کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور کمپنی کے مقاصد کے حصول کے لئے اسٹریٹجک سمت، نگرانی اور رہنمائی فراہم کرنے میں موثر کردار ادا کیا۔

بورڈ (مجلس نظماء) اور کمپنی کی جانب سے، میں انتظامیہ کی ٹیم، ہمارے پرعزم ملازمین، ریگولیٹر، پورٹ قاسم اتھارٹی، ریکوڈک مائننگ کمپنی، قرض دہندگان، فروخت کنندگان، ٹھیکہ داران اور قابل قدر حصص یافتگان کا ان کے اعتماد اور تعاون کے لئے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

کیپٹن حلیم احمد صدیقی، چیئرمین

ناظم اعلیٰ (چیئرمین)

کراچی: 21 ستمبر، 2026